حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: مقدمہ میں امام بیضاوی نے قرآن کے نزول کا جب ذکر فرمایا تو کیا کہا؟

(الف) علی رسولہ　(ب) علی نبیہ　(ج) علی عبدہ　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: "مَصَاقِعَ الخُطباء" میں لفظ "مَصَاقِعَ" ۔۔۔ ہے۔

(الف) واحد　(ب) تثنیہ　(ج) جمع مذکر سالم　(د) جمع مکسر

سوال نمبر 3: "ثم بین للناس ما نزل الیھم" اس عبارت میں "بین" اور "نزل" کے الفاظ کو پڑھا جائے گا۔

(الف) ماضی معروف، ماضی معروف　(ب) ماضی مجہول، ماضی معروف

(ج) ماضی مجہول، ماضی مجہول　(د) ماضی معروف، ماضی مجہول

سوال نمبر 4: سورۃ "تعلیم المسئلۃ" نام ہے۔

(الف) سورۃ البقرۃ　(ب) سورۃ المائدۃ　(ج) سورۃ الفاتحۃ　(د) سورۃ النساء

سوال نمبر 5: قراءتوں کے اعتبار سے امام بیضاوی نے مقدمہ میں کتنے مشہور قاری بتلائے؟

(الف) 6　(ب) 8　(ج) 7　(د) 4

سوال نمبر 6: سورۃ الفاتحہ نازل ہوئی۔

(الف) مکہ میں　(ب) مدینہ　(ج) شام میں　(د) مکہ ومدینہ دونوں میں

سوال نمبر 7: سورۃ الفاتحہ مشتمل ہے۔

(الف) ثناء پر　(ب) امر و نہی پر　(ج) وعدے وعید پر　(د) ان تمام مضامین پر

سوال نمبر 8: صحیح قول کے مطابق سورۃ الفاتحہ مکی ہے، امام بیضاوی نے اس کے مکی ہونے کو ثابت کیا۔

(الف) نص حدیث سے　(ب) نص قرآنی سے　(ج) اجماع سے　(د) قیاس سے

سوال نمبر 9: "بسم اللہ" کن کے نزدیک سورۃ الفاتحہ کا جز ہے؟

(الف) مدینہ کے قراء　(ب) شام کے قراء　(ج) شام کے فقہاء　(د) مکہ و کوفہ کے قراء وفقہاء

سوال نمبر 10: "اھم"، "ادخل" اور "اوفق" کے الفاظ ہیں۔

(الف) فعل مضارع واحد متکلم　(ب) فعل ماضی واحد مذکر غائب　(ج) فعل امر حاضر　(د) اسم تفضیل

سوال نمبر 11: "بسم اللہ" کی "باء" ہے۔

(الف) مقابلہ کی　(ب) تمثیل کی　(ج) تنکیر کی　(د) مصاحبت کی

سوال نمبر 12: "الاسم عند البصریین من الأسماء التی حذفت اعجازھا" اس عبارت میں مذکور لفظ "اعجاز" کا معنی ہے۔

(الف) ابتدائی حرف　(ب) آخری حرف　(ج) ابتدائی حرف کو ساکن　(د) آخری حرف کو ساکن کرنا

سوال نمبر 13: اسم کی لغت ہے۔

(الف) سِمٌ　(ب) سُمٌ　(ج) سَمٌ　(د) الف اور ب

سوال نمبر14: "اِسْمٌ" کوفیوں کے نزدیک مشتق ہے۔

(الف) سِمْوٌ (ب) سِمٌ (ج) وِسْمٌ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: "بسم اللہ" کی "باء" کو لمبا کیوں لکھا جاتا ہے؟

(الف) رسم الخط کی وجہ سے (ب) عربوں کا طریقہ ہے (ج) نحویوں کا طریقہ ہے (د) سقوط ہمزہ کی وجہ سے

سوال نمبر16: لفظ اللہ کی اصل "لاھا" ہے، بتایئے "لاھا" کس زبان میں ہے؟

(الف) عربی (ب) فارسی (ج) سریانی (د) عبرانی

سوال نمبر17: لفظ اللہ کا اگر درمیانی "الف" نماز میں حذف کر دیا گیا تو۔۔۔

(الف) نماز فاسد نہیں ہوگی (ب) نماز فاسد ہو جائے گی (ج) نماز واجب الاعادہ ہوگی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18: "رحمن" اور "رحیم" دو ایسے اسم ہیں جن کو وضع کیا گیا ہے۔

(الف) مبالغہ کے لیے (ب) صفت مشبہ کے لیے (ج) تفضیل کے لیے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: رحمٰن۔۔۔ کی طرح ہے؟

(الف) عَلَم (ب) وصف (ج) مبالغہ (د) تفضیل

سوال نمبر20: رحمٰن کیا ہے؟

(الف) فعل (ب) اسم منصرف (ج) اسم غیر منصرف (د) فعل امر

سوال نمبر21: شکر، حمد اور مدح سے۔۔۔

(الف) عام ہے (ب) من وجہ عام ہے (ج) من وجہ خاص ہے (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر22: کس کو شکر کی اصل اور عمدہ قسم قرار دیا گیا ہے؟

(الف) مدح کو (ب) شکر قلبی کو (ج) شکر لسانی کو (د) حمد کو

سوال نمبر23: اگر "لِلّٰہ" کو خبر بنایا جائے تو بتایئے "الحَمْدُ" مرفوع کس بنا پر ہوگا؟

(الف) فاعل ہونے کی وجہ سے (ب) نائب الفاعل ہونے کی وجہ سے

(ج) مبتداء ہونے کی وجہ سے (د) مبتداء محذوف کی خبر ہونے کی وجہ سے

سوال نمبر24: لفظ "الرب" اصل میں کیا ہے؟

(الف) اسم مشتق (ب) اسم جامد (ج) اسم ظرف (د) اسم مصدر

سوال نمبر25: "مَالِکِ" کو "الف کے ساتھ" نہیں پڑھا۔

(الف) کسائی نے (ب) یعقوب نے (ج) اہل حرمین نے (د) ان تمام نے